فرمانِ خداوندی ہے:

اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰہِ الْاِسْلَامُ

Verily, only Islam is the Din (Religion) before Allah

بے شک اللہ کے یہاں اسلام ہی دین ہے۔ (سورۂ آل عمران: آیت ۱۹)

ضرورتِ دین

حضرت مولانا محمد بشیر فاروق قادری

بانی سیلانی ویلفیئر انٹرنیشنل ٹرسٹ

مؤلف

مفتی محمد راشد القادری

آزاد پبلشرز

۵۶، اُردو بازار کراچی

PH : 32631839,32620178

E-mail : azadpublishers@gmail.com

انتساب

ہم اس کتاب کو سرورِ دو جہاں شاہِ کون و مکاں ﷺ کی طرف منسوب کرتے ہیں اور اس کا ثواب بالخصوص سرکار ﷺ اور آپ ﷺ کی ساری امّت کے لئے ایصال کرتے ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس کتاب سے اُمتِ مسلمہ کو استفادہ کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور ہمارے لئے ذریعہ نجات بنائے۔ آمین

جملہ حقوق بحق پبلشرز محفوظ ہیں

کتاب ــــــــــ ضرورتِ دین

بفیضانِ نظر ــــــــ حضرت مولانا محمد بشیر فاروق قادری

مؤلف ــــــــــ مفتی محمد راشد القادری سلمہ الباری

کمپوزنگ ــــــــــ سید سمیر حسین

ناشر ــــــــــ آزاد پبلیشرز 56 اُردو بازار کراچی

فہرست

ہو اور اس سے کوئی قول و فعل خلافِ ایمان ثابت نہ ہوا ہو تو فرض ہے کہ ہم اسے مسلمان ہی مانیں اگر چہ ہمیں اس کے خاتمہ کا بھی حال معلوم نہیں، شریعت کا مدار ظاہر پر ہے اور روزِ قیامت ثواب یا عذاب کی بنیاد خاتمہ پر ہے۔

سوال: نفاق کیا چیز ہے؟

جواب: زبان سے اسلام کا دعوے اور دل میں اسلام سے انکار کرنا نفاق ہے۔ یہ بھی خالص کفر ہے۔ بلکہ ایسے لوگوں کے لیے جہنم کا سب سے نیچے کا طبقہ ہے۔

منافق کون ہے؟

سوال: منافق کون ہیں؟

جواب: جو لوگ زبان سے اسلام کا کلمہ پڑھتے ہیں اور اپنے آپ کو مسلمان کہتے ہیں اور پھر دل میں اس سے انکار کرتے ہیں وہ منافق کہلاتے ہیں۔

سوال: کیا اس زمانے میں کسی کو منافق کہہ سکتے ہیں؟

جواب: کسی خاص شخص کی نسبت یقین کے ساتھ تو منافق نہیں کہا جا سکتا، البتہ نفاق کی ایک شاخ اس زمانے میں پائی جاتی ہے کہ بہت سے بدمذہب اپنے آپ کو مسلمان کہتے ہیں اور دیکھا جاتا ہے تو اسلام کے دعوے کے ساتھ ضروریات دین کا انکار بھی کرتے ہیں۔

اسلام کے بنیادی عقائد

سوال: اسلام کے بنیادی عقائد کتنے ہیں؟

جواب: اسلام کے بنیادی عقیدے تین ہیں:

(۱) توحید (۲) رسالت (۳) قیامت